09-08-2024

08.30Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1. پیرس اولمپکس میں مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کے نیرج چوپڑہ نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی ہاکی ٹیم نے 52 سال بعد لگاتار دوسری بار کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

2. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے نیرج چوپڑہ اور ہاکی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

3. وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج سے مالدیپ کا تین دن کا دورہ کریں گے۔

4. بنگلہ دیش میں نوبل انعام یافتہ محمد یونس نے عبوری سرکار کے سربراہ کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔

5. انتخابی کمیشن کی ٹیم نے جموں وکشمیر اسمبلی کے انتخابات کے بارے میں سری نگر میں متعلقہ فریقوں کے ساتھ تبادلہئ خیال کیا۔

6. ایک ہفتہ طویل ہر گھر ترنگا مہم آج سے پورے ملک میں شروع ہو رہی ہے۔

7. اور نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا رجسٹرڈ سرمایہ کاروں کا منفرد Base دس کروڑ سے تجاوز کر گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Paris Olympics Neeraj

پیرس اولمپکس 2024 میں کَل رات مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کے سرکردہ ٹریک اینڈ فیلڈ ایتھیلیٹ نیرج چوپڑا نے 89 اعشاریہ چار پانچ میٹر نیزہ پھینک کر چاندی کا تمغہ جیتا۔ پاکستان کے ارشد ندیم نے 90 اعشاریہ پانچ سات میٹر کا پچھلا اولمپک ریکارڈ توڑتے ہوئے 92 اعشاریہ نو سات میٹر نیزہ پھینک کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ نیرج چوپڑا کا چاندی کا تمغہ پیرس اولمپکس میں بھارت کا پانچواں تمغہ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C-Shaurya

نیرج چوپڑا نے کَل رات پیرس اولمپکس 2024 میں بھارت کیلئے چاندی کا پہلا تمغہ حاصل کرکے تاریخ رقم کی اور وہ آزادی کے بعد ایتھلیٹکس میں 2 تمغے جیتنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ وہ کشتی کھلاڑی سشیل کمار اور بیڈ منٹن کھلاڑی پی وی سندھو کے بعد اولمپکس میں لگاتار تمغے جیتنے والے دوسرے بھارتی مرد کھلاڑی اور مجموعی طور پر تیسرے کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔ کَل فائنل میں نیزہ پھینکنے کے سخت مقابلے میں نیرج چوپڑا کی محض ایک کوشش درست پائی گئی اور اِس کوشش میں انہوں نے اِس سیزن کا سب سے بہترین Throw کیا۔ اس طرح نیرج نے بھارت کو پیرس اولمپکس میں چاندی کا پہلا تمغہ دلا کر ملک کا نام روشن کیا۔

پیرس سے شوریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے میں فہیم احمد

PM Prez Neeraj Chopra

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے پیرس اولمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر نیرج چوپڑہ کو مبارکباد دی ہے۔

ایک پیغام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہاکہ بھارت کو اُن پر فخر ہے اور اُن کے اِس کارنامے سے آنے والی نسلوں کو ترغیب ملے گی۔

نیرج چوپڑہ کو مبارکباد دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہاکہ نیرج نے اپنی شاندار صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے اور اولمپکس میں ایک اور کامیابی کے ساتھ انہوں نے بھارت کا نام روشن کیا ہے۔

اِدھر وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی نیرج چوپڑہ کی ستائش کرتے ہوئے کہاکہ انہوں نے ترنگے کی شان میں اضافہ کیاہے۔

hockey

پیرس اولمپک 2024 میں مردوں کی بھارتی ہاکی ٹیم نے 52 سال میں پہلی مرتبہ لگاتار اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت نے کپتان ہرمن پریت سنگھ کے دو گول اور گول کیپر PR Sreejesh کی جانب سے شاندار طریقے سے گول بچائے جانے کی بدولت اسپین کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔ Munich میں 1972 کے کھیلوں کے بعد بھارت نے لگاتار دو اولمپکس میں تمغہ جیتا ہے۔ اِس سے پہلے 2020 کے ٹوکیو اولمپکس میں بھارت نے کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے پر بھارتی ہاکی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کی کارکردگی قابل تحسین ہے اور ٹیم کا تسلسل، اُس کی ہنرمندی اور بھرپور مقابلہ کرنے کا اُس کا جذبہ نوجوانوں کو تحریک دیتا رہے گا۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے بھی تاریخی کامیابی پر بھارتی ہاکی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاکی کھلاڑیوں نے عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کیاہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کَل بھارتی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں سے فون پر بات کی اور اُنہیں اسپین کے خلاف بہترین کارکردگی کیلئے مبارکباد دی۔ جناب مودی نے ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ کو ٹیم کا سرپنچ قرار دیا۔ وزیراعظم مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ بھارتی ہاکی کھیل کے سُنہرے دور کو پھر دہرائے گی۔

Hocky India Cash Prize

ہاکی انڈیا نے پیرس اولمپکس 2024 میں کانسے کا تمغہ جیتنے پر مردوں کی بھارتی ہاکی ٹیم کے ہر کھلاڑی کو 15 لاکھ روپے اور معاون عملے کے ہر ممبر کو ساڑھے سات لاکھ روپے کا نقد انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ ہرمن پریت سنگھ کی قیادت میں ہاکی ٹیم نے اسپین کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہراکر 52 برس کے بعد اولمپکس میں لگاتار دوسری مرتبہ کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت کے گول کیپر PR Sreejesh کیلئے یہ آخری میچ رہا۔ 36 سالہ Sreejesh نے کانسے کے تمغے کیلئے اِس میچ سے پہلے ہی اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا تھا۔

Olympics Schedule

آج پیرس اولمپکس میں کُشتی، گولف اور ایتھیلیٹکس میں بھارتی کھلاڑی اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

کُشتی میں بھارت کے اَمن سہراوت مَردوں کے 57کلو گرام فری اسٹائل زمرے میں بھارتی وقت کے مطابق آج رات پونے دس بجے کانسے کے تمغے کیلئے مقابلہ کریں گے۔

گولف میں ادتی اشوک اور دیکشا ڈاگر تیسرے راؤنڈ میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔

ایتھیلیٹکس میں بھارت کی مردوو خواتین کی چار ضرب چار سو میٹر relay ٹیمیں بھی آج دوپہر اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گی۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar Maldives Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے مالدیپ کے تین دن کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ اِس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان قریبی ساجھیداری کو مستحکم بنانا اور باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے نئے مواقع تلاش کرناہے۔

اِس سے قبل مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد Muizzu اِس سال جون میں نئی کابینہ اور وزارتی کونسل کی حلف برداری کی تقریب میں بھارت کے دورے پر آئے تھے۔

مالدیپ، بحری خطے میں بھارت کا ایک اہم ہمسایہ ملک ہے اور بحر ہند میں اُسے ایک کلیدی مقام حاصل ہے۔ امید ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر کے دورے میں ساجھیداری کو وسعت دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی اور اشتراک کے نئے راستے تلاش کیے جائیں گے۔

PM Modi Bangladesh

وزیراعظم نریندر مودی نے پروفیسر محمد یونس کو بنگلہ دیش میں نئی ذمہ داری سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے امید ظاہر کی ہے کہ بنگلہ دیش میں حالات جلد معمول پر آجائیں گے تاکہ وہاں ہندوؤں اور تمام دیگر اقلیتی طبقوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنایاجاسکے۔ جناب مودی نے کہاکہ بھارت امن و سلامتی اور ترقی کیلئے دونوں ملکوں کے عوام کی مشترکہ امنگوں کی تکمیل کی خاطر بنگلہ دیش کے ساتھ مل کر کام کرنے کے تئیں پُرعزم ہے۔

نوبیل انعام یافتہ محمد یونس کو بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے سربراہ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے کَل شام ڈھاکہ میں Bang بھون میں اُنہیں حلف دلایا۔

ECI Kashmir Visit

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کی سربراہی میں چناؤ کمیشن کی ٹیم مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے دو دن کے دورے پر گئی ہوئی ہے۔ اِس میں انتخابی کمشنر گیانیش کمار اور ڈاکٹر SS Sandhu بھی شامل ہیں۔

انتخابی کمیشن کے عہدیدار آج جموں وکشمیر کے چیف سکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل پولیس کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور بعد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

چناؤ کمیشن کی ٹیم نے کَل مختلف فریقوں کے ساتھ تفصیلی تبادلہئ خیال کیا، جس میں قومی اور جموں وکشمیر کی تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کے نمائندے شامل تھے۔

اِس کا مقصد انتخابی عمل میں اُن کی سرگرم شمولیت کو فروغ دینے کی خاطر اُن کی رائے معلوم کرنا اور اُن کے خیالات کو سمجھنا ہے۔

اِس سے قبل انتخابی کمیشن نے انتخابات کے انعقاد کیلئے اہمیت کے حامل انتظامی اور سکیورٹی انتظامات پر تبادلہئ خیال کیلئے ضلع چناؤ افسروں اور پولیس سپرنٹنڈنٹ صاحبان کے ساتھ چناؤ تیاریوں کا جائزہ لیا۔

Har Ghar Tiranga

لوگوں میں حب الوطنی کے جذبے کو بڑھاوا دینے کیلئے پورے ملک میں ہرگھر ترنگا مہم آج سے 15 اگست تک چلائی جائے گی۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اپنے گھروں پر ترنگا لہرائیں اور ترنگے کے ساتھ سیلفی لے کر ہر گھر ترنگا ویب سائٹ پر اِسے اَپ لوڈ کریں۔

انھوں نے کہا کہ آزادی کے امرت مہوتسو کے تحت 2022 میں ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز کیا گیا تھا۔ جناب شیخاوت نے کہا کہ پچھلے سال 10 کروڑ سے زیادہ لوگوں نے ترنگے کے ساتھ اپنی سیلفی اَپ لوڈ کی تھی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پورے ملک میں 200 سے زیادہ ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔

جناب شیخاوت نے کہا کہ 13 اگست کو ارکان پارلیمنٹ اور وزیروں کے ساتھ ترنگا بائک ریلی ہوگی۔

S/B  Gajendra Singh Shekhawat

Goyal Footwear Festival

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہاہے کہ بھارت دنیا میں جوتے چپل بنانے والا دوسرا سب سے بڑا ملک ہے۔ نئی دلّی میں بھارت کے آٹھویں بین الاقوامی Footwear میلے کے افتتاحی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ اب وقت آگیا ہے کہ بھارت اِس شعبے میں نمبر ایک ملک بنے۔

جناب پیوش گوئل نے امید ظاہر کی کہ سال 2030 تک بھارت کا Footwear شعبہ 50 ارب ڈالر کی برآمدات تک پہنچ جائے گا۔ انھوں نے زور دے کر کہاکہ سرکار اِس شعبے کی ترقی کے تئیں پابندِ عہد ہے اور ہر طرح کی تجویزوں اور نظریات پر غور کیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے مینوفیکچررس کو یہ صلاح دی کہ وہ مختلف ملکوں کے ساتھ آزاد تجارت کے سمجھوتے سے فائدہ اٹھائیں۔

اِس تین روزہ Footwear فیسٹول کا اہتمام تجارت کے فروغ سے متعلق بھارتی تنظیم ITPO نے کیا ہے، جس میں تقریباً 200 نمائش کار حصہ لے رہے ہیں۔

NSE Investor Base

نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا رجسٹرڈ سرمایہ کاروں کا منفرد Base پہلی بار دس کروڑ سے تجاوز کر گیا ہے۔ رجسٹرڈ سرمایہ کاروں کی تعداد چار کروڑ تک پہنچنے میں 25 سال لگے تھے اور ایسا مارچ 2021 میں ہوا تھا۔ اِس کے بعد اِس میں تیزی آئی اور ہر چھ سات مہینے میں ایک کروڑ کا اضافہ ہوتا گیا۔ پچھلی مرتبہ ایک کروڑ رجسٹرڈ سرمایہ کار صرف پانچ مہینے کی مدت میں اِس میں شامل ہوئے۔ نیشنل اسٹاک ایکسچینج نے ایک اخباری بیان میں یہ جانکاری دی ہے۔ اِس عرصے کے دوران روزانہ اوسطاً 50 ہزار سے لے کر 78 ہزار تک نئے سرمایہ کاروں کا رجسٹریشن ہوا۔

گزشتہ پانچ سال میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں تین گُنا سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے اور ایسا Digitisation میں تیزی کے ساتھ ترقی، سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی بیداری، مالی شمولیت اور پائیدار مارکیٹ کی بدولت ہوا ہے۔

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے ملک کے کئی حصوں میں اگلے سات دن کے دوران دور دور تک شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Pallavi

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق شمال مشرق اور مغربی ہمالیائی خطے میں اگلے سات دن میں دور دور تک   گرج چمک کے ساتھ تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ ملک کے مشرقی حصوں میں بھی اگلے تین چار دن تک اسی طرح کا موسم رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ ملک کے جنوبی حصوں میں اگلے سات دن کے دوران بارش کا زور کم رہنے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق مغربی بنگلہ کے ذیلی ہمالیائی خطے، سِکم، جھارکھنڈ، بہار، اوڈیشہ، کونکن، تمل ناڈو، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش، پنجاب، جموں وکشمیر، لداخ، گِلگت بلتستان اور مظفرآباد میں بھی اِس مہینے کی 14 تاریخ تک شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

پلوی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Israel Hammas Ceasfire

مصر، قطر اور امریکہ کے رہنماؤں نے اسرائیل اور حماس پر زور دیا ہے کہ جنگ بندی معاہدے کو قطعی شکل دیں۔ کَل رات ایک مشترکہ بیان میں تینوں ممالک نے اسرائیل اور حماس پر زور دیا ہے کہ وہ دوحہ یا قاہرہ میں 15 اگست کو دوبارہ فوری بات چیت کا آغاز کریں تاکہ معاہدے سے متعلق سبھی بقیہ کمیوں کو پُر کیا جاسکے اور مزید بغیر کسی تاخیر کے اُس کا نفاذ ہوسکے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - ارجمند

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے   اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے، سرکار نے وقف ترمیمی بل کو

جائزے کیلئے جے پی سی کے پاس بھیجا۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے بھی اس خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی نیوزی لینڈ کے وزیراعظم سے ملاقات۔ اخبار روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک سرخی ہے، آر بی آئی نے پھر ریپو ریٹ میں نہیں کی تبدیلی۔ لگاتار 9ویں بار 6 اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار۔ اخبار انقلاب نے انتخابی کمیشن کے جموں و کشمیر کے دورے سے متعلق خبر کو قومی صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبارات نے بنگلہ دیش میں عبوری حکومت کے سربراہ کی حیثیت سے نوبل انعام یافتہ ماہر معاشیات محمد یونس کے حلف لینے سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ سبھی اخبارات نے پیرس اولمپکس میں بھارتی ہائی ٹیم کے کانسے کا تمغہ جیتنے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ اخبارات نے محنت اور روزگار کے وزیر منسکھ مانڈویہ کے اس بیان کو شائع کیا ہے کہ حکومت روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

★ حزب اللہ اور ایران کے حملے کی دھمکی سے اسرائیل میں ہائی الرٹ

★ برطانیہ میں نسل پرستی کے خلاف ہزاروں افراد سڑکوں پر نکلے، سکیورٹی ہائی الرٹ

★ گوگل سرچ انجن غیرقانونی اجارہ داری کا مرتکب قرار، امریکی عدالت کا فیصلہ۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. پیرس اولمپکس میں مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کے نیرج چوپڑہ نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی ہاکی ٹیم نے 52 سال بعد لگاتار دوسری بار کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

2. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے نیرج چوپڑہ اور ہاکی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

3. وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج سے مالدیپ کا تین دن کا دورہ کریں گے۔

4. بنگلہ دیش میں نوبل انعام یافتہ محمد یونس نے عبوری سرکار کے سربراہ کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔

5. انتخابی کمیشن کی ٹیم نے جموں وکشمیر اسمبلی کے انتخابات کے بارے میں سری نگر میں متعلقہ فریقوں کے ساتھ تبادلہئ خیال کیا۔

6. ایک ہفتہ طویل ہر گھر ترنگا مہم آج سے پورے ملک میں شروع ہو رہی ہے۔

7. اور نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا رجسٹرڈ سرمایہ کاروں کا منفرد Base دس کروڑ سے تجاوز کر گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔